إِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْدًا وَأَكِيدُ كَيْدًا

بعونہ و بفضلہ

رسالہ ۳۳

مرآۃ القادیانیہ

مولفہ

کاسر اعناق الملحدین مرغم آناف الشیاطین ہادی

المستبصرین فخر الواعظین و سلطان المناظرین حضرت مولانا

مرزا احمد علی صاحب امرتسری الکربلائی المحل الہوی

جسے

جعفریہ ایسوسی ایشن پنجاب لاہور

نے

فائدہ اسلام کیلئے ۱۹۲۳ء میں شائع کیا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ وکفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفی علی مولانا وسیدنا محمد وآلہ الاخیار

میں نے دلیل العرفان میں یہ ارادہ ظاہر کیا تھا۔ کہ جناب مرزائے
قادیان اور ان کے مذہب کے متعلق میں انشاء اللہ کچھ لکھوں گا۔ اس ارادہ کی پہلی
صورت صحیح الاعتقاد کی شکل میں پیش کی گئی۔ اس طرز میں اللہ کے فضل سے مجھے
کمال حاصل ہوا۔ اور میرا خیال ہے کہ اس مسئلہ پر جس تفصیل سے میں نے لکھا ہے۔ ابھی تک
کسی نے نہیں لکھا۔ فللہ الحمد علی ذالک۔ دوسری قسط اب حاضر کی جاتی ہے۔ اس رسالہ
کے لکھنے کا باعث سکرٹری انجمن احمدیہ پشاور کے مختلف رسائل ہیں۔ جو اس نے ہمارے
برخلاف لکھے ہیں۔ یہ رسائل ایسے گندہ زبانی سخت کلامی اور دشنام دہی سے بھرے
ہوئے ہیں۔ جو لکھنے والے کے باطن کا پتہ دیتے ہیں۔ انا الاناء یترشح بما فیہ کا
نقشہ دکھلاتے ہیں۔ ہمیں تعجب ہے۔ کہ جس قوم کی انجمنوں کے سکرٹری اس تہذیب و اخلاق
کی منزل پر ہوں کیا وہ مذہب مہذب آدمیوں کے قبول کرنے کے لائق ہے لیکن
یہ بھی سچ ہے۔ درخت اپنے پھل سے پہچانا جاتا ہے۔ گر دہنا خدمت بخشیے۔ جیسے جان خطر یہ
اتنا اشارہ ہی کافی ہے۔ ورنہ میاں اکمل صاحب ناراض ہو جائیں گے۔ میں نے میاں
عبدالکریم کو لنڈج اور حکیم نورالدین صاحب کو مطہر لکھا تھا۔ تو اکمل صاحب ہم پر سخت ناراض
ہو گئے تھے۔ سو زرا وہ اپنے مکذب پشاوری کا لٹریچر دیکھیں۔ اور پھر کہہ کر کہیں اگر ان
میں انصاف کا مادہ ہے۔ یہ لٹریچر صریحاً پریس ایکٹ کی زد میں آتا ہے۔ اور اس لئے میاں
دلاور شاہ نے عمداً اس پر رفاہ عام پریس کا نام نہیں لکھا۔ مگر ہمیں معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے
کہ وہ رسالہ فحش سے اتنا بھرا ہوا تھا۔ کہ خود دلاور شاہ صاحب نے اس کو چھاپنے کی
جرات نہیں کی۔ بغیر ہم ان رسائل کے متعلق کوئی قانونی چارہ جوئی نہیں کرتے۔ اور نہ ہم ایسا
کرنے کے عادی ہیں۔ کیونکہ ہمارا فرقہ اللہ کے فضل سے سلطان العلم ہے۔ اور اگر کوئی
ہمارے خلاف ایک پرچہ لکھے۔ تو ہم ہزار لکھ۔ بقول عبدالکریم صاحب الحکم کہا کرتے ہیں

جن کے کان ہوں وہ سنیں۔

ان رسایل سے مکذب پشاوری کا یہ مطلب ہے کہ صوبہ سرحدی میں شیعہ سنی جنگ شروع ہو جائے۔ تاکہ یہ اپنا الو سیدھا کریں۔ لیکن وہ دن گئے۔ جبکہ خلیل خان فاختہ اڑایا کرتے تھے۔ سنی شیعوں کے سو دشمن ہوں۔ لیکن پھر بھی وہ جانتے ہیں۔ کہ شیعہ سنیوں کو کافر نہیں کہتے۔ لیکن قادیانی ساری امت محمدیہ کو ملعون۔ کافر اور یہودی کہتے ہیں۔ اسلئے یہ جنگ مذاہب قادیانیوں کے لئے ہی سخت مضر پڑے گی۔ اور شیعہ سنی بدستور بھائی بھائی رہیں گے۔

اس رسالہ میں جو کچھ میں نے لکھا ہے۔ وہ تمام موجودہ قادیانی خیالات سے اخذ کیا گیا ہے۔ ان کی عین عبارات معہ حوالجات کے تحریر کی گئی ہیں۔ اور میں نے کوشش کی ہے۔ کہ اہم مسایل کے متعلق قادیانی عقاید اہل اسلام کے سامنے رکھوں تاکہ مطالعہ کرنے والے اس فرقہ جدیدہ کی۔ بنیاد۔ ساخت۔ اعضا و جوارح اور نشو و نما سے بکلی واقف ہو جائیں۔ میری خواہش ہے کہ یہ رسالہ ہر مسلمان کے ہاتھ میں ہو۔ تاکہ وہ اس تریاق سے قادیانی افعی کے زہر سے محفوظ رہے۔ اور حضرات شیعہ سے خصوصاً التماس کرتا ہوں۔ کہ وہ اس رسالہ کے مضامین سے اپنے آپ کو خوب واقف کریں۔ پنجاب کی ہر بستی بلکہ ہر گھر میں یہ رسالہ رکھیں۔ تاکہ ضرورت کے وقت طاعونی چوہوں کو مار سکیں۔

چونکہ اس میں قادیانیوں کا سچا فوٹو درج کیا گیا ہے۔ اسلئے میں نے اس رسالہ کا نام مرآۃ القادیانیہ رکھا۔ **وما توفیقی الا باللہ**

ہمیں معلوم ہے کہ قادیانی صاحبان اس نرم اور مہذب تحریر پر بھی ہمیں کوسیں گے برا بھلا کہیں گے۔ لیکن چونکہ ہمیں ان کی خیر خواہی منظور رہے۔ اور چونکہ خدا نے ہمیں ان کے لئے **مصلح موعود** بنایا ہے۔ اسلئے ہمیں ان کی گالیوں کی کچھ پروا نہیں ہم تو صرف یہی عرض کریں گے سے

اور اسے دیکھ تو جاتا رہے گلہ دل کا

بس اک نگاہ پہ ٹھہرا ہے فیصلہ دل کا

عاجز مرزا احمد علی مصلح قادیاں۔

خدا تعالیٰ کے متعلق جناب مرزا غلام احمد صاحب قادیانی کے خواب و خیال

۱۔ خدا کے وجود پر کوئی برہان عقلی نہیں | حقیقۃ الوحی ص۱۱۷ کوئی برہان عقلی اس کے وجود پر قطعی دلیل نہیں ہو سکتی۔

۲۔ خدا آسمان پر۔ منم خلیفہ شاہے کہ بر سما باشد یعنی (مرزا صاحب) اس شاہ کا خلیفہ ہوں۔ جو آسمان پر ہے۔ الہام مظہر الحق و العلی کان اللہ نزل من السماء سے بھی یہی مترشح ہوتا ہے۔ کیونکہ خدا کا آسمان پر سے اترنا ممکن ہوا تبھی بیٹے کے آنے کو خدا کے نزول سے تشبیہ دی گئی۔ یہ عجیب بات ہے کہ خدا کا نزول من السماء تو ان کے خیال میں ممکن ہے۔ لیکن مسیح کا نزول من السماء محال۔ العجب! یحمدک من عرشہ میں بھی اسی مضمون کی طرف اشارہ ہے۔

۳۔ رب عاج | تشحیذ جلد ۱۳ ص۵ نمبر ۲ براہین ص۵۵۵ ربنا العاج ہمارا (مرزا صاحب کا) رب عاجی ہے۔ لغت والے تو عاج کے معنی ہاتھی دانت والے یا گوبر کے کرتے ہیں۔ لیکن مرزا صاحب پر اس کے معنی نہیں کھلے۔

۴۔ خدا کی تمثیلی زیارت | حقیقۃ الوحی ص۲۵۵ ایک دفعہ تمثیلی طور پر مجھے خدا تعالیٰ کی زیارت ہوئی۔ اور میں نے اپنے ہاتھ سے کئی پیشگوئیاں لکھیں۔ تب میں نے وہ کاغذ دستخط کرانے کے لئے خدا تعالیٰ کے سامنے پیش کیا۔ اللہ تعالیٰ نے بغیر کسی تامل کے سرخی کی قلم سے اس پر دستخط کئے اور کرتے وقت قلم کو چھڑکا جیسا کہ جب قلم پر زیادہ سیاہی آ جاتی ہے تو اسی طرح پر جھاڑ دیتے ہیں۔ اور پھر دستخط کر دیئے۔ اور اسی وقت میری آنکھ کھل گئی۔ اور اس وقت میاں عبداللہ سنوری مسجد کے حجرے میں میرے پیر دبا رہا تھا۔ غیب سے سرخی کے قطرے میرے کرتے اور اس کی ٹوپی پر گرے۔۔۔۔ اس (عبداللہ) نے میرا کرتہ بطور تبرک اپنے پاس رکھ لیا۔ جو اب تک اس کے پاس موجود ہے۔ اس کے متعلق اخبار الفضل میں یہ شعر چھپا تھا ؎

دستخط قادر مطلق تری مسلون پر کرے
اللہ اللہ تری شان رسول مدنی

۵- لا الٰہ الا اللہ پر ایسا ایمان جیسا محمدی بیگم کے نکاح کی پیشگوئی از معیار عقائد قادیانی ص۵۵ - آپ کی لڑکی پر خط مرزا صاحب مورخہ ۱۷ جولائی ۱۸۹۰ء محمدی بیگم سے میرا آسمان پر نکاح ہو چکا ہے اور مجھ کو اس الہام پر ایسا ایمان ہے جیسا کہ لا الٰہ الا اللہ پر۔

۶- خدا کو بندہ کہو اور بندہ کو خدا مرزا صاحب نے ازالہ اوہام ص۳۸ پر حکیم نورالدین صاحب کا ایک خط شائع کیا ہے جس میں حکیم صاحب نے لکھا ہے کہ اگر اللہ پاک کی جناب میں انت عبدی وانا ربک (اے اللہ تو میرا بندہ ہے اور میں تیرا رب ہوں) کہدے تو انسان جہنمی نہ ہو اگرچہ سچ یہی ہے کہ الٰہی انت ربی وانا عبدک (اے اللہ تو میرا رب ہے اور میں تیرا بندہ ہوں) لیکن حکیم صاحب نے قرآن شریف کی یہ آیت نہیں پڑھی ومن یقل منہم انی الٰہ من دون اللہ فذالک نجزیہ جہنم۔ جو کہے کہ اللہ کے سوا میں خدا ہوں۔ اس کی جزا ہم جہنم دیں گے۔

۷- خدا پولیس باز تحفۃ المبارک ۲ ص۲۰ خدا بھی حکمت عملیوں سے کام لیتا ہے۔

۸- خدا وعدہ خلاف ازالہ ص۲۹۳ خدا وعدہ کر چکا ہے کہ بعد آنحضرت کوئی رسول نہیں بھیجا جائیگا۔ لیکن دافع البلا ص۱۰ پر ہے کہ سچا خدا وہ ہے جس نے اپنا رسول قادیان میں بھیجا۔ مطلب یہ ہوا کہ آیہ لا یخلف المیعاد (ہم وعدہ خلافی نہیں کرتے) غلط ہو گئی۔

۹- خدا باعث شر حقیقۃ الوحی ص۳۱۰ اس (خدا) نے اس فتنہ (صلیبی) کو پیدا کیا تھا۔

۱۰- اعضا خدا اور ان کی حرکت توضیح مرام ص۷۳ یہ تمام عالم معہ اپنے تمام اجزا کے اس علت العلل (خدا) کے کاموں اور ارادوں کی انجام دہی کے لئے سچ مچ اس کے اعضا کی طرح واقع ہے ... اور یہ عالم جو اس وجود اعظم کے لئے قائم مقام اعضا کا ہے۔ بعض چیزیں ایسی ہیں کہ گویا اس کے چہرہ کا نور ہیں۔ اور بعض ایسی ہیں کہ گویا اس کے ہاتھ ہیں۔ اور بعض ایسی ہیں کہ گویا اس کے پیر ہیں۔ اور بعض اس کے سانس کی طرح ہیں۔ غرض یہ مجموعہ عالم خدا تعالیٰ کے لئے بطور ایک اندام کے واقع ہے۔ اور جو کچھ اس قیوم کی ذات میں ارادی حرکت پیدا ہوتی ہے وہی حرکت اس اندام کے کل اعضا یا بعض میں ... ہو جاتی ہے ص۸۰ خدا کی جنبش کے ساتھ وہ (جبرئیل) بھی بلا اختیار و بلا ارادہ اسی طرح جنبش میں آ جاتا ہے

۱۱۔ جبریل جان و نور او، خدا جسم و آنکھ | توضیح مرام صث جبریل کو بھی جو سانس کی ہوا یا آنکھ کے نور کی طرح خدا تعالےٰ سے نسبت رکھتا ہے۔

۱۲۔ اولیاء اللہ آسمان و زمین میں متصرف | ضمیمہ النبوۃ ص۲ از تحفہ بغداد ص۱۳۔ اللہ اولیاء کو زمین اور آسمان میں اور ساری ملکوت اللہ میں متصرف کرتا ہے۔ اگرچہ یہ قول فتوح الغیب سے نقل کیا گیا ہے لیکن چونکہ اس کی تردید نہیں کی۔ اسلئے یہ ان کا مسلم ہو گیا اس سے ان کے بھی اعتراضات کا جواب ہو سکتا ہے۔

۱۳۔ احمد احد بن گیا | توضیح مرام ص۲۔ شان احمد را کہ داند جز خداوند کریم۔ آنچناں از خود جدا شد کز میاں افتاد میم۔ زاں نمط شد محو دلبر کز کمال اتحاد۔ پیکر او شد سراسر صورت رب رحیم۔ شان احمد سوائے خدا کے کون جانے۔ کہ کمال اتحاد سے آپ کا پیکر بالکل صورت رب بن گیا۔

یہ نہ سمجھیئے کہ مرزا صاحب نے خواجہ عالم کی تعریف کی ہے۔ بلکہ یہ اپنی تعریف کی ہے کیونکہ قادیانیوں کے نزدیک احمد مرزا صاحب کا نام ہے۔

۱۴۔ عباد رسول | ضمیمہ النبوۃ از آئینہ کمالات ص۱۹۰ و ۱۹۱۔ قل یا عبادی یعنی اے میرے غلامو۔۔۔۔ جو شخص نجات چاہتا ہے۔ وہ اس کا غلام ہو جائے یہ بھی درصل خود بدولت کے لئے لکھا ہے۔ کیونکہ آپ اپنے آپ کو عین محمدؐ سمجھتے تھے۔ بلکہ اپنے منکر کو خدا و رسول کا منکر جانتے تھے۔ اس سے بھی ان کے کئی اعتراضات کا جواب ہوتا ہے۔

۱۵۔ مسیح ابن اللہ | خدا تعالیٰ تو فرماتا ہے قالت النصاری المسیح ابن اللہ۔ کہ نصاریٰ نے کہا کہ مسیح فرزند خدا ہے۔ لیکن قادیانی صاحبان مسیح کے سر پر الزام دھرتے ہیں۔

النبوۃ فی الاسلام ص۳۰۵ پر ہے۔ کہ مسیح نے اپنے آپ کو ابن اللہ کہا۔ قریب قریب یہی مضمون تشحیذ جلد ۱۰ ع۲ میں بھی ہے

۱۶۔ پاک تثلیث | توضیح مرام ص۲ (خدا تعالیٰ کی روح نافخ المحبت باپ) خدا تعالیٰ کی محبت سے بھری ہوئی روح (انسان دوسرا اقنوم ہے) اور روح القدس ان دونوں کے ملنے سے انسان کے دل میں پیدا ہوتی ہے۔۔۔۔ وہ ان دونوں کے لئے بطور ابن ہے۔ اور یہی پاک تثلیث ہے۔

۱۷- خدا کی توحید مرزا صاحب | انت منی بمنزلہ تفریدی و توحیدی
مرزا صاحب بزعم خود بمنزل توحید خدا ہیں۔

خدائی کے متعلق مرزا صاحب کی پوزیشن

۱۸- مرزا صاحب کو خدا ہونیکا خواب اور یقین | آئینہ کمالات صفحہ ۵۶۴-۵۶۶ و کتاب البریہ ص۷۹، ۸۵ میں
نے خواب میں دیکھا کہ میں بعینہ اللہ ہوں - میں نے یقین کر لیا
کہ میں وہی ہوں۔ دافع البلا رایت انی عین اللہ - میں نے دیکھا کہ میں عین اللہ ہوں

۱۹- خدا کے باپ ہونیکا الہام | اپنے بیٹے کی ولادت کے متعلق فرمایا - کان اللہ نزل من
السماء یعنی بیٹا کیا پیدا ہوگا گویا خدا آسمان سے اتریگا۔

۲۰- خدا کی بیوی ہونے کا گمان | تتمہ حقیقۃ الوحی ص۱۰۳ بابو الٰہی بخش چاہتا ہے کہ
تیرا حیض دیکھے۔۔۔ اور تجھ میں حیض نہیں۔ بلکہ وہ بچہ ہو گیا ہے۔ ایسا بچہ جو بمنزلہ اطفال
اللہ کے ہے۔

۲۱- ولد خدا ہونے کا خیال | ریویو جلد ۲ ص۲۵۳ تتمہ حقیقۃ الوحی ص۱۴۳ - انت منی
بمنزلہ اولادی - مرزا صاحب بمنزلہ اولاد خدا ہے۔ خداوند تعالیٰ نے صرف لم
یلد نہیں فرمایا ہے بلکہ لم یتخذ صاحبۃ ولا ولدا میں اتخاذ ولد کی بھی نفی ہے۔
لیکن قادیانی لٹریچر اتخاذ ولد کی زور سے منادی کرتا ہے

۲۲- خدا سے افضل ہونے کا وہم | اربعین ۳ ص۱۶ یا احمد یتم اسمک ولا یتم اسمی
مرزا کا نام تو پورا ہو جائے گا - لیکن خدا کا نام ناتمام رہیگا۔

۲۳- خدا کے پانی سے ہونے کا دعویٰ | اربعین ۳ ص۳۴ انت من مائنا
۲۴- خدا کے مرزا سے ہونے کا غرور | دافع البلا - انت منی وانا منک خدا مرزا
سے اور مرزا خدا سے۔

۲۵- ممدوح خدا ہونیکا دعویٰ | انجام آتھم ص۵۵ یحمدک من عرشہ و یمشی
الیک - اے مرزا خدا عرش پر سے تیری تعریف کرتا ہے - اور تیری طرف چلتا ہے۔

خدا کی سواری | توضیح مرام ص۷۵ مطلب یہ ہے کہ انسان کا نفس بھی

کہ غیر عورت سے حالت بیداری میں ہم بستر ہونا حرام ہے۔ جو بات غیروں کے لئے حالت بیداری میں حرام ہے وہ انبیاء کے لئے حالت خواب میں بھی حرام ہے۔ جس طرح حالت بیداری میں کسی کا اپنے آپ کو عین اللہ یقین کر لینا کفر ہے۔ اسی طرح انبیا کا حالت رویا میں بھی اپنے آپ کو عین اللہ یقین کر لینا کفر ہے۔ اور اولیا بھی چونکہ انبیا کے قدم پر ہوتے ہیں۔ اس لئے ان کے لئے بھی خواب میں بھی ایسا بیہودہ یقین کر لینا حرام ہے۔

قادیانی صاحبان نے عسل مصفٰی میں عبدالرحمن بن علی بن جوزی کو اپنی صدی کا مجدد مانا ہے۔ اس نے اپنی مشہور کتاب تلبیس ابلیس میں تمام ایسے لغو خوابوں پر گرفت کی ہے۔ اور ان کو تلبیس ابلیس کہا ہے۔

دین و شعائر اللہ کے متعلق

قادیانی اجتہادات

۳۰۔ فطرتی دین لعنتی | خداوند تعالیٰ نے تو فطرت الہیہ کو دین قیم فرماتا ہے۔ ارشاد ہے فطرۃ اللہ التی فطر الناس علیہا لا تبدیل لخلق اللہ ذالک الدین القیم۔ فطرت خدا جس پر خدا نے لوگوں کو پیدا کیا۔ خلق خدا کو تبدیلی نہیں یہی دین قیم ہے۔ اور حضرت رسول اکرم صلعم فرماتے ہیں۔ کل مولود یولد علی فطرۃ الاسلام۔ ہر بچہ فطرۃ اسلام پر پیدا ہوتا ہے۔ لیکن الذکر الحکیم نمبر ۲ صفحہ ۳ پر لکھا ہے۔ کہ مرزا صاحب نے کہا کہ فطرتی دین لعنتی ہے۔ اگر اسکو نشانوں سے قوت نہ ملے۔ ڈاکٹر عبدالحکیم کو تو مرزا صاحب نے یہ لکھا تھا۔ کہ فطرتی دین لعنتی ہے لیکن حقیقۃ الوحی صفحہ ۱۵۶ پر فطرتی ایمان بنا کر اسکی بیجا تاویلیں کی ہیں

۳۱۔ شریعت دکان ہے | کشتی نوح صفحہ ۶ خدا کی شریعت دوا فروش کی دکان کی مانند ہے۔

۳۲۔ زمانہ نبوی میں نقص دین | کشتی نوح صفحہ ۱۳ اس (مرزا صاحب) کا آنا اسلامی عمارت کی تکمیل کے لئے ضروری ہے

احمدی عقاید صفحہ ۹ از محمد سعید (مرزا صاحب نے) علاوہ تجدید دین کرنے کے تکمیل دین بھی کی

احمدی عقائد از براہین احمدیہ حصہ ۵ ص

روضۂ آدم کہ تھا وہ نامکمل اب تلک — میرے آنے سے ہوا کامل بجملہ برگ و بار۔
لیکن اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ الیوم اکملت لکم دینکم آج کے دن میں نے تمہارا دین کامل کر دیا

۳۳۔ دین میں جبر۔ براہین حصہ ۵ ص ۲۷ از ظہیر قرآن مجید نزول کے زمانہ میں ... دین کو جبرًا منوایا جاتا تھا

۳۴۔ دین محمدی منسوخ۔ میاں ظہیر الدین احمدی اور اس کی جماعت مرزا صاحب کو محمد جیسا نبی صاحب شریعت بلکہ ناسخ دین محمد یقین کرتے ہیں۔ دیکھو احمدیت کی حقیقت بجواب پادری ٹامس ہاول ۹/۱۹۱۲ ۲۸

۳۵۔ کلمہ محمدی منسوخ۔ پیغام صلح ۹/۲۲ ص ۲۹ میں بحوالہ آئینہ صداقت محمودی قادیانیوں کا یہ عقیدہ لکھا ہے۔ کلمہ طیبہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ منسوخ ہو گیا۔ کیونکہ اس کے پڑھنے سے کوئی شخص مسلمان نہیں ہو سکتا جب تک کہ مرزا صاحب کی رسالت و نبوت کا قائل نہ ہو۔

۳۶۔ قادیانی کلمہ۔ براہین حصہ ۵ ص ۱۵ لا الٰہ الا اللہ احمد جری اللہ

۳۷۔ قادیانی قبلہ۔ مسجد اقصےٰ قادیاں (رسائل ظہیر الدین)

۳۸۔ اہانت حرمین۔ حقیقۃ الرؤیا ص ۴۶ کہ مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کی چھاتیوں کا دودھ سوکھ گیا لیکن خدا تو فرماتا ہے۔ علی الناس حج البیت مسلمان خانہ کعبہ دینی ماں کی چھاتی کا حج کریں۔ اگر دودھ خشک ہو گیا ہوتا۔ تو اسلامی بچوں کو اس چھاتی کی طرف جانے کا کیوں حکم دیا جاتا۔ شاید مرزا صاحب نے اسی وجہ سے یہ کہا ہوگا

۳۹۔ مکہ قادیان۔ اخبار الفضل ۵ مظہر حق دیدہ ام گویا فرود آمد خدا۔
در شمار مکہ چوں ناید شمار قادیاں۔ مطلب یہ ہے کہ مرزا صاحب قادیاں میں ایسے اترے ہیں۔ گویا خدا اتر آیا۔ پس قادیاں مکہ کے شمار میں کیوں نہ آئے۔

۴۰۔ ہندوستان بوجہ قادیاں تمام زمینوں سے افضل۔ اخبار بدر ۹ ستمبر ۱۹۰۶
۵ ہندوستان کا رتبہ بڑھا تیرے (مرزا صاحب کے) فیض سے۔ اب اس کا فخر سارے زمین و زمن پہ ہے۔

۴۱۔ تمام امت محمدیہ ملعون۔ ختم نبوت ص ۴۵ از مدثر شاہ۔ میاں محمود کے فتوے کے مطابق کل امت محمدیہ لعنتی اور مردود ہے۔

۴۲ ۔ کامل امتی صرف مرزا صاحب ہیں۔ ختم نبوت ص۶۲ (بقول محمود صاحب)
کامل تابعدار یعنی کامل امتی اس امت میں سے صرف مرزا صاحب گذرے ہیں ۔
احمدی عقاید ص۱۵ ہر ایک شخص جس کو میری دعوت پہنچی ہے ۔ اور اس نے مجھے
قبول نہیں کیا وہ مسلمان نہیں ۔ جو مجھے نہیں مانتا وہ خدا اور رسول کو بھی نہیں مانتا ۔
الذکر الحکیم ۲ ص۱ خط مرزا صاحب بہ پیر مہر علی صاحب ۲۰ لعنتہ
الله علی من تخلف منا دابی اس پر اللہ کی لعنت ہو جو ہم سے پیچھے رہا یا جس نے انکار کیا
خط حکیم نورالدین مندرجہ الحکم ۹۹ ، ۱۱ ۔ گر کسے آرد شک در شان او ۔ جائے
او باشد جہنم بے شک و ریب و گمان ۔ مرزا صاحب کے بارے میں شک کرنے والے کا
ٹھکانا بلا شک جہنم ہے
الحکم ۱۹۰۰ ۔ ۲ ۔ آپ مرزا صاحب مسیح موعود و مامور من اللہ ہیں ۔ انکار کرنے والا
خارج از امت ہے ۔
حقیقۃ الوحی ص۱۷۹ دوسرے کفر کہ مثلاً وہ (مرزا صاحب) کو نہیں مانتا ۔ پس
اسلئے کہ وہ خدا اور رسول کے فرمان کا منکر ہے کافر ہے اور اگر غور سے دیکھا جائے ۔ تو
دونوں قسم کا کفر ایک ہی قسم میں داخل ہے ص۱۶۳ جو مجھے نہیں مانتا وہ خدا اور رسول
کو بھی نہیں مانتا ۔
القول الفضل ص۱۴ ، ۲۲ غیر احمدیوں کے پیچھے نماز پڑھنا حرام ہے ص۴۳ اگر کوئی
احمدی غیر کے پیچھے نماز پڑھے ۔ تو جب تک وہ توبہ نہ کرے ۔ اس کے پیچھے نماز نہ پڑھو
اسی طرح ان کے ہاں غیر قادیانیوں سے نکاح بھی جائز نہیں ۔

قرآن شریف کے متعلق قادیانی خیالات

۴۳ ۔ قرآن زمین سے اٹھ گیا تھا ۔ ازالہ اوہام ص۷۸۱ و ص۷۲۵ قرآن زمین سے
اٹھ گیا تھا میں قرآن کو آسمان پر سے لایا ہوں ۔
۴۴ ۔ مرزا صاحب نے قرآن کی غلطیاں نکالیں ۔ ایضاً ص۳۵۲ ۔ مرزا صاحب نے
اپنی تائید میں ایک مجذوب کی یہ بڑ لکھی ہے ۔ کہ اس نے ان کے متعلق کہا کہ عیسےٰ

مرزا منکر کافر
غیر احمدیوں سے نماز و نکاح ناجائز

اب جوان ہوگیا ہے۔ اور لدھیانہ میں آکر قرآن کی غلطیاں نکالیگا"۔ پھر ان قرآنی غلطیوں کے متعلق یہ توضیح فرمائی۔ کہ تفسیروں پر تفسیریں ہوگئیں۔ اور شاعری زبان پھیل گئی۔ گو یا مفسروں کی غلطیاں قرآن کی غلطیاں ہیں۔

۴۵۔ **قرآن استعارات سے بھرا ہوا ہے** | القیٔا صـ۱۵۳۔ قرآن شریف اکثر استعارات سے بھرا ہوا ہے۔

۴۶۔ **شخصی رائے کے موافق نزول قرآن** | ضمیمہ النبوۃ صـ۱۶ ازالہ صـ۳۶، ۲۲۵

بعض اوقات ان (عمر خطاب) کی رائے کے موافق قرآن شریف نازل ہوجایا کرتا تھا۔ بالفاظ دیگر یہ نتیجہ نکلا کہ خدا نے بھی مشورے کرکے قرآن اتارا اور مشورہ بھی اگر پسند آیا تو ایک غیر نبی کا اور نبی کی بالکل پرواہ نہ کی گئی۔

۴۷۔ **قرآنی احکام منسوخ** | تتمۂ المبارک ۲ صـ۲۳ از ظہیرالدین احمدی۔

جس اشتہار میں آپ نے یہ پڑھا تھا۔ کہ یحی الدین ویقیم الشریعۃ اس میں یہ بھی ذکر ہوگا۔ کہ قرآن کریم میں تو کتب علیکم القتال کا حکم تھا۔ لیکن حضرت (مرزا) صاحب حکم دیتے ہیں۔ کہ دین کے لئے اب حرام ہے۔ جنگ وقتال۔

تشحیذ الاذہان جلد ۱۰ ۲ صـ۱۷ دین کے لئے حرام ہے اب جنگ اور قتال (مرزا) کے وقت جہاد کا حکم موقوف کردیا گیا ماربعین ۴ صـ۱۳ (اس) کے آنے پر تمام تلوار کے جہاد ختم ہوجائیں گے سو اب میرے ظہور کے بعد تلوار کا کوئی کام نہیں۔

۴۸۔ **مرزائی الہام ام القرآن** | اب تک تو مسلمان قرآن شریف کو ام الکتاب اور سورۃ فاتحہ کو ام القرآن و ام الکتاب مانتے تھے۔ لیکن قادیانی صاحبان مرزا صاحب کے الہامات کو یہ مرتبہ دے رہے ہیں۔ چنانچہ رسالہ تذکرہ کے صـ۲۵ پر ہے۔

جس طرح سے توریت کا اصلی مغز اور نچوڑ انجیل میں آیا تھا۔ اسی طرح قرآن مجید کے بعد (مرزا صاحب) کی وحی ہے۔

۴۹۔ **قرآن کی نئی آیت** | ازالہ اوہام صـ۷۶، ۷۷ انا انزلناہ قریبا من القادیان۔ اس کا شان نزول یہ لکھا ہے۔ کہ اسی روز کشفی طور پر میں نے دیکھا کہ میرے بھائی صاحب مرحوم مرزا غلام قادر میرے قریب بیٹھکر بآواز بلند قرآن پڑھ رہے ہیں۔ اور پڑھتے پڑھتے انہوں نے ان فقرات کو پڑھا جو اوپر لکھے گئے ہیں۔

تو میں نے سُنکر بہت تعجب کیا کہ قادیاں کا نام بھی قرآن میں لکھا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا
کہ دیکھو لکھا ہوا ہے۔ تب میں نے نظر ڈال کر جو دیکھا۔ تو معلوم ہوا کہ فی الحقیقت قرآن شریف
کے دائیں صفحہ میں شاید قریب نصف کے موقعہ پر یہی الہامی عبارت لکھی ہوئی تھی۔
تب میں نے دل میں کہا کہ ہاں واقعی طور پر قادیان کا نام قرآن شریف میں درج ہے۔

۵۰۔ قرآن کلام مرزا۔ حقیقۃ الوحی ص۔ اس نشان کا مدعا یہ ہے کہ قرآن شریف
خدا کی کتاب اور میرے منہ کی باتیں ہیں۔

۵۱۔ ملائکہ ارواح کواکب۔ توضیح مرام ص یہی نفوس نورانیہ یعنی ارواح کواکب
کامل بندوں پر بشکل جسمانی متشکل ہو کر ظاہر ہو جاتے ہیں۔ اور بشری صورت سے متمثل
ہو کر دکھائی دیتے ہیں۔

۵۲۔ تخطیۂ ملائکہ۔ حقیقۃ الوحی ص۲۵ خدا نے میرا نام آدم رکھا۔ اور یہ ایک پیشگوئی ہے
جو اس بات کی طرف اشارہ کرتی ہے کہ جیسا فرشتوں نے آدم کی عیب جوئی کی تھی اور
اس کو رد کیا تھا۔ سو خدا فرماتا ہے کہ اس جگہ بھی ایسا ہو گا چنانچہ میرے مخالف علماء
اور ان کے ہمجنسوں نے عیب جوئی میں کوئی کمی نہ کی (علماء اور ان کے ہم جنس
فرشتے بن گئے نہ)

نزول ملائکہ۔ براہین احمدیہ ص۵۳۷ اس کے اذن خاص سے ملائکہ اور روح القدس زمین پر
اترتے ہیں۔ توضیح المرام ص۳ جبریل جس کا تعلق سورج سے ہے۔ وہ بذات خود اور حقیقۃ
زمین پر نہیں اترتا۔ ان دونوں اقوال میں اختلاف ہے۔

۵۳ آفتاب جبریلی نور کا ہیڈ کوارٹر۔ توضیح مرام ص کیونکہ جبریلی نور آفتاب
کی طرح جو اس کا ہیڈ کوارٹر ہے۔ تمام معمورۂ عالم پر حسب استعداد ان کے اثر ڈال رہا ہے

۵۴۔ جبریل نور کنجری میں۔ توضیح مرام ص جبریلی نور کا ۴۶ واں حصہ تمام جہان
میں پھیلا ہوا ہے جس سے تمام کفار فجار پرلے درجہ کا بدکار اور فاسقہ عورت یعنی
کنجری جا ہے یار کی بغل میں خواب دیکھے کبھی سچی خواب دیکھ لیتی ہے۔

نبوت اور انبیاء علیہم السلام کے متعلق قادیانی عقائد

۵۵۔ انبیا کا چشمہ مکدر ہو گیا۔ تکدر ماء السالفین وعیننا الیٰ یوم الاٰخر لا تتکدر (کلام مرزا) از الذکر الحکیم ۲ صفحہ ۲ یعنی پہلوں کا پانی مکدر ہو گیا۔ اور ہمارا چشمہ قیامت تک مکدر نہ ہو گا۔

۵۶۔ کوشش سے نبوت۔ النبوۃ فی الاسلام صفحہ ۱۷۵ پر مولوی محمد علی صاحب احمدی نے لکھا ہے کہ اب تو سنا گیا ہے کہ میاں (محمود) صاحب نے زبانی گفتگو میں یہاں تک بھی فرمایا کہ اگر میں کوشش کروں۔ تو میں نبی بن سکتا ہوں۔ اور اگر منشی فاضل جلال الدین (ایک نومسلم جو اس کے راوی ہیں) کوشش کریں۔ تو وہ نبی بن سکتے ہیں۔

۵۷۔ ہر ایک مسیح بن سکتا ہے۔ ازالہ صفحہ ۔ ہر ایک محب صادق خود مسیح ابن مریم بن سکتا ہے۔ اگر آپ کے خیال میں ہر ایک ایسا بن سکتا ہے۔ تو غالباً آپ کے خیال میں ہر ایک محمد بن عبداللہ بھی بن سکتا ہے۔ کیونکہ مطابق نص لا نفرق بین احد من رسلہ مسیح اور محمد علیہما الصلوٰۃ والسلام میں بحیثیت رسالت کوئی فرق نہیں

۵۸۔ نبوت کی مرمت۔ تشحیذ الاذہان جلد ۱۰ نمبر ۲ صفحہ ۵ از نزول المسیح صفحہ ۲ نبوت کی شکست و ریخت جس قدر ہو چکی ہے۔ اب خدا تعالیٰ ان میرے تازہ معجزات اور پیشگوئیوں سے سب کی مرمت کر رہا ہے۔

۵۹۔ انبیاء سے بڑھ کر کام کرنے والے۔ ختم نبوت صفحہ ۶۵ از مدثر شاہ۔ ہزارہا بلکہ لکھو کہا افراد امت محمدیہ میں ہمیشہ ایسے صاحب کمال رہتے ہیں اور قیامت تک رہیں گے کہ مقام فنا فی الرسول و فنا فی اللہ حاصل کر کے انبیاء سے بڑھ کر دنیا میں کام دکھلاتے رہے اور دکھلاتے رہیں گے۔

۶۰۔ گذشتہ انبیا کی فہرست میں اضافہ۔ تشحیذ جلد ۱۰ نمبر ۲ صفحہ ۲۷ از لیکچر سیالکوٹ صفحہ ۳۳ کرشن اپنے وقت کا اوتار یعنی نبی تھا۔ اخبار الفضل جلد ۱۱ نمبر ۹۳ صفحہ ۶ پر کسی نے میاں محمود صاحب سے سوال کیا کہ جن کو رامچندر جی اور کرشن جی مہاراج کے نبی ہونے کا

علم نہیں۔ اور جن کو مرزا صاحب کے دعوے کا علم ہی نہیں۔ وہ دونوں یکساں ہیں یا نہیں
میاں صاحب نے جواب دیا ہے۔ کہ بڑا فرق ہے۔ رامچندر کی صداقت تو سوائے
احمدیوں کے پہلے کسی کو معلوم نہ تھی۔ ان کا نام قرآن شریف نے نہیں بتلایا۔ اسلئے
جو جو ان کے نبی ہونے کا انکار کرے اور ان کی صداقت کا قایل نہ ہو۔ وہ کسی
سزا کا مستحق نہیں۔ لیکن مرزا صاحب کی صداقت تو روز روشن کی طرح ظاہر ہو گئی عجیب
دلیل ہے۔ نہ ان کی صداقت ظاہر نہ مرزا صاحب کی۔ نہ ان کا نام و ذکر قرآن شریف
میں اور نہ مرزا صاحب کا۔ الغرض اُن اور اِن میں کوئی فرق نہیں۔ جیسے وہ امام کفار
ویسے ہی یہ امام کفار۔ اس لئے فرق کیا۔ خصوصاً جبکہ مرزا صاحب نے اپنے آپ کو
کرشن کہکر فرق کو دور کر دیا ہے۔ تعجب ہے کہ سایل نے حضرت منو ان کی بابت
کیوں سوال نہیں کیا۔ کیونکہ اس کو بھی تو قادیانی غالباً نبی مانتے ہیں۔ کیونکہ ان
کے ہاں نبوت بہت سستی ہے۔ اور اس لئے یہ ضروری تھا۔ کہ جیسے یہ فرضی
نبی بن گئے۔ اسیطرح یہ فرضی طور پر اوروں کو بھی نبی بنالتے۔

۶۱۔ بایزید بسطامی نبیوں کا مجموعہ | ضمیمہ النبوۃ ص۱۶ از ازالہ ص۲۵۹ بایزید
بسطامی نے کہا میں ہی آدم ہوں۔ میں ہی شیث ہوں۔ میں ہی نوح ہوں
میں ہی ابراہیم ہوں۔ میں ہی موسٰے ہوں۔ میں ہی عیسٰے ہوں۔ میں ہی محمد
ہوں۔ ذرا ہی کا زور دیکھئے۔ اس کا مطلب یہ ہوا۔ کہ آدم پدر شیث آدم
نہیں تھا۔ میں آدم ہوں۔ محمدؐ بن عبداللہ محمد نہیں تھا۔ میں ہی محمد ہوں۔ بایزید
نے تو شاید کہا یا نہیں۔ لیکن مرزا صاحب نے اپنی پٹری جمانے کے لئے یہ
لکھ ہی دیا۔

۶۲۔ اکٹھے چار سو نبیوں کو شیطانی خواب اور ان کی پیشگوئی غلط | نبوۃ فی الاسلام
ص۸۹ از شہادت القرآن ص۲۵ چنانچہ توریت کی تائید کے لئے ایک ایک
وقت میں چار چار سو نبی بھی آیا۔ جن کے آنے پر اب تک بائبل شہادت دے
رہی ہے۔

" ص۹ پر۔ ان چار سو کے چار سو نبیوں نے ایک پیشگوئی کی تھی۔ کہ فلاں
بادشاہ اپنے دشمن پر فتح پائے گا۔ مگر وہ بادشاہ مغلوب ہو کر میدان جنگ

میں ہی مارا گیا۔
ص۱۹ دوسری جگہ مرزا صاحب نے یہ بھی مانا ہے۔ کہ یہ خواب ان چار سو نبیوں کا شیطانی تھا۔
مولوی محمد علی صاحب نے یہ تاویل کی ہے۔ کہ یہ لغوی نبی تھے۔ لیکن یہ لغو تاویل ہے کیونکہ لغوی نبی خود ساختہ اصطلاح ہے۔ کیا جو خود بخود آجائے اسے آپ خدا کہا کرتے ہیں۔ اگر نہیں تو بغیر قرینہ صارفہ حقیقت سے مجازہ مراد نہیں لے سکتے۔ خصوصاً جبکہ شہادت القرآن میں ان کو صاف طور پر نبی کہا ہے۔ محمودی غالباً ان کی نبوت سے انکار کریں گے۔ حالانکہ ان کے عقیدہ کے مطابق یہ دیانت کے خلاف ہے۔ کیونکہ یہی لفظ شہادت القرآن میں ہے جس میں آپ حضرات اس سے حقیقی نبی مراد لیتے ہیں۔ اور یہی لفظ مرزا صاحب کے الہامات میں ہے جس سے آپ ان کو حقیقی نبی بنا رہے ہیں پھر یہ تعجب کی بات نہیں کہ اسی ایک لفظ سے ایک جگہ آپ سچا نبی مراد لیتے ہیں۔ اور دوسری جگہ جھوٹا نبی۔ جبکہ آپ کے خیال میں انبیاء کو القائے شیطانی ہو سکتا ہے۔ تو اگر چار سو کو شیطانی خواب آگیا۔ تو آپ کے اعتقاد کے مطابق یہ بھی درست ہے
۶۳۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام حقیقت سے بے خبر۔ عسل مصفیٰ ص۱۳۳ انہوں (حضرت ابراہیم) نے (رؤیا متعلق ذبح حضرت اسماعیل علیہ السلام کو) ظاہر پر عمل کیا اور حقیقت سے بے خبر رہے۔
۶۴۔ جو ایذا پائیں اور لعنتیں کھائیں وہ رسولوں کے وارث۔ ضمیمہ النبوۃ ص۱۶ از سر الخلافۃ ص۵۔ اور ان کو ایذا دی گئی۔ اور لعنت کئے گئے۔ جبطرح مرسل لعنت کئے گئے۔ اسلئے ان کے لئے رسولوں کی میراث پانا متحقق ہو گیا۔ چونکہ مرزا صاحب پر لعنتیں پڑیں۔ اسلئے انہوں نے اس سے بھی فایدہ اٹھانے میں دریغ نہیں کیا۔ حالانکہ مرسلوں پر کسی نے لعنت نہیں کی۔ اور نہ اُن کا کوئی لاعن موجود ہے لیکن مُردوں پر لعنت کرنے والے موجود ہیں اور اگر لعنت کھانا ہی معیار وارث نبوت ہے۔ تو کیا شیطان بھی وارث انبیاء رہے۔ جو سرآن لعنت کیا جاتا ہے۔
۶۵۔ انبیاء مرتکب کذب۔ تتمۃ المبارک ص۲ ص۳۴ انبیاء اور ملہمین صرف وحی کی

سچائی کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔ لیکن اجتہاد کے کذب اور خلاف واقعہ نکلنے سے
وہ ماخوذ نہیں ہوتے۔

۶۶- نبی کی دعا رد ہوا جس کی دعا رد وہ کافر | ازالہ صفحہ ۱۶ نبی کی دعا کبھی قبول
کبھی رد۔ مرزا صاحب نے انجمن حمایت اسلام کی دعا برائے دفع طاعون کے متعلق
لکھا تھا دما دعاء الکافرین الا فی ضلال کہ کافروں کی دعا رد ہوتی ہے۔

۶۷- رسولوں کو شیطانی القاء | ضمیمہ النبوۃ صفحہ ۲۷ از آئینہ کمالات صفحہ ۳۵۲ اس ادنیٰ درجہ کی وحی میں
جو حدیث کہلاتی ہے۔ بعض صورتوں میں شیطان کا دخل بھی ہو جاتا ہے۔
عسل مصفیٰ صفحہ ۱۸۶ جب نبی اور رسول بھی تمنا کرتے ہیں تو ان کو بھی شیطانی القاء ہوتا

۶۸- انبیا کی سمجھ کی غلطی | ازالہ صفحہ ۶ حضرت مسیح کی پیشگوئیاں اوروں سے زیادہ
غلط نکلیں۔ مگر یہ غلطی نفس الہام میں نہیں بلکہ سمجھ اور اجتہاد کی غلطی ہے۔ عسل
مصفیٰ صفحہ ۱۳۲ بعض اوقات انبیاء کو بھی فہم میں غلطی لگ جاتی ہے۔
حقیقۃ الوحی صفحہ ۲۶ کیا جیسا کہ یہود نے اور ان کے نبیوں نے سمجھ رکھا تھا
آخری نبی بنی اسرائیل ہی سے آیا۔ یا الیاس نبی دوبارہ زمین پر آگیا ہرگز نہیں۔

۶۹- انبیاء کی لغزشیں | ایضاً۔ چونکہ انبیاء انسان تھے۔ اور انسان کی رائے
خطا اور صواب دونوں کی طرف جا سکتی ہے اسلئے اجتہادی طور پر ان کو
لغزشیں پیش آگئیں۔

۷۰- حضرت مسیح کی بہت پیشگوئیاں غلط | ایضاً جس قدر حضرت مسیح کی پیشگوئیاں
غلط نکلیں اس قدر صحیح نکل نہیں سکیں۔

۷۱- انبیا کی تفسیر میں احتمال خطا | ازالہ صفحہ ۳۴۵ نبیوں کی یہ عادت ہوتی ہے
کہ کبھی اجتہادی طور پر اپنی طرف سے ان (پیشگوئیوں) کی کسی قدر تفصیل کرتے
ہیں اور چونکہ وہ انسان ہیں۔ اسلئے تفسیر میں کبھی احتمال خطا ہوتا ہے۔
اس کلیہ کو مان کر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ آپ نے کیسے جانا کہ انبیا کبھی پیشگوئیوں
کی تفسیر کرتے ہیں جن کو تفسیر کرنے کی عادت پڑ گئی ہو وہ ہمیشہ ایسا کرتے ہوں گے۔
اور جب وہ ہمیشہ اپنی پیشگوئیوں کی کسی قدر تفصیل کرتے ہوں اور اس تفصیل میں
احتمال خطا ہو۔ تو نبوت انبیاء میں احتمال خطا ہوا کیونکہ آپ کے ہاں نبوت پیشگوئیوں

حدیث میں شیطانی دخل

نبی کو فہم میں غلطی لگ جاتی ہے

ہی کا نام ہے۔ پس جبکہ نبوات انبیاء میں احتمال خطا ہوا۔ تو اس تمام سلسلہ سے امان اٹھ گیا۔ اور جبکہ کسی نبی کی تعبیر محتمل خطا ہے۔ تو مرزا صاحب یا ان کے مریدوں کی تفسیر و تعبیر بھی احتمال خطا سے خالی نہیں۔ اور اسلئے قادیانیت ایک دفتر سوفسطائیت بن گئی ہے۔

٧٢۔ نبی اپنی غلطی سے ایک بات کو خدا کا وعدہ سمجھ لیتے ہیں	تتمہ حقیقۃ الوحی ص۱۳۴ لیکن اگر انسان اپنی غلطی سے ایک بات کو خدا کا وعدہ سمجھ لے جیسا

حضرت نوح نے سمجھ لیا تھا۔

٧٣۔ نبی فیصلوں میں غلطیاں کرتے ہیں	دافع البلاء ص۱۳ داؤد نے نبی ہو کر ایک فیصلہ دینے میں غلطی کی۔
٧٤۔ انبیا مجتہد ہیں اور اجتہاد میں خطا بھی کرتے ہیں	ازالہ ص۹ امور اخباریہ کشفیہ میں اجتہادی غلطی انبیاء سے بھی ہو جاتی ہے۔
٧٥۔ انبیاء کی اجتہادی غلطیاں	ازالہ ص۸ حضرت مسیح نے بہت غلطیاں کیں۔

(حضرت موسیٰ نے بھی کیں) حضرت مسیح کی پیشگوئیاں اوروں سے زیادہ غلط نکلیں۔

حقیقۃ الوحی ص۱۶ یہودیوں کے تمام نبیوں نے یہی سمجھ رکھا تھا کہ وہ آخرالزمان نبی بنی اسرائیل میں سے پیدا ہوگا۔

عسل مصفیٰ ص۱۳۳ حضرت ابراہیم کو رویا ذبح اسمٰعیل کے فہم میں غلطی لگ گئی

تتمہ حقیقۃ الوحی ص۱۳۵ ملاکی نبی اس راز کو نہ سمجھ سکا کہ الیاس نبی کا دوبارہ آسمان سے نازل ہونا.... استعارہ کے رنگ میں ہے۔

ایضاً ص۱۳۴ حضرت نوح نے اہلک کے سمجھنے میں غلطی کی۔

دافع البلاء ص۱۳ داؤد نے غلطی کی۔ وغیرہ وغیرہ۔

حضرت یونس پر عذاب حقیقۃ الوحی ص۲۰۹ ۔ اور یونس باوجودیکہ خدا کا نبی تھا جب اس کے دل میں گذرا۔ کہ میری پیشگوئی کیوں نہیں پوری ہوئی۔ تو تنبیہ کے طور پر اس پر عذاب نازل کیا گیا۔ اور اس نے اس اعتراض کی وجہ سے بڑے بڑے دکھ اٹھائے

٧٦۔ قادیانیوں کا اقرار بابت خطایائے خاتم انبیاء	حقیقۃ الوحی ص۱۳۵ جب وہ نبی جو تمام سے افضل ہے۔ غلطی سے نہ بچ سکا۔ کیا حدیبیہ کا سفر

اجتہادی غلطی نہ تھا۔ کیا یمامہ یا ہجر کو اپنی ہجرت کا مقام خیال کرنا اجتہادی غلطی نہ تھی
کیا اور یہی اجتہادی غلطیاں نہ تھیں۔

ازالہ ص ۲ بعض پیشگوئیوں کی نسبت آنحضرت نے خود اقرار کیا۔ کہ میں نے
ان کی اصل حقیقت سمجھنے میں غلطی کھائی ہے۔ (بالکل غلط)

ازالہ ص ۳۴۳ آنحضرت کی بیویوں نے آپکے روبرو ہاتھ ناپنے شروع کئے تا کہ
اس غلطی پر متنبہ نہیں کیا گیا۔ یہانتک کہ آپ فوت ہوگئے۔ اور بظاہر معلوم ہوتا ہے
کہ آپ کی یہی رائے تھی۔ کہ در حقیقت جس بیوی کے لمبے ہاتھ ہیں۔ وہی سب سے
پہلے فوت ہوگی۔ آنحضرت کا اول اول یہی خیال تھا کہ ابن صیاد ہی دجال ہے
مگر آخر میں رائے بدل گئی۔

فذھب وھلی صاف صاف ظاہر کر رہی ہے۔ کہ جو کچھ آنحضرت نے
اپنے اجتہاد سے پیشگوئی کا محل و مصداق سمجھا تھا وہ غلط نکلا۔

۷۷۔ آنحضرت کو حقیقت دجال وغیرہ معلوم نہ تھی

ص ۳۳۶ اسی بنا پر ہم کہہ سکتے ہیں کہ آنحضرت پر ابن
مریم اور دجال کی حقیقت کاملہ بوجہ موجود نہ ہونے کسی
نمونہ کے موبمو منکشف نہ ہوئی ہو اور نہ دجال کے ستر باغ کے گدھے کی اصل کیفیت
کھلی ہو اور نہ یاجوج ماجوج کی عمیق تہ تک وحی الٰہی نے اطلاع دی ہو۔ اور نہ
دابۃ الارض کی ماہیت کماہی ہی ظاہر فرمائی گئی .... تو کچھ تعجب کی بات نہیں۔

۷۸۔ آنحضرت نے اجتہادی طور پر متعہ کی اجازت دی جسے مرزائی زنا کہتے ہیں

پیشاوری مکذب نے اپنے ٹریکٹ رسالہ
کے صلا ۲ میں متعہ کا ترجمہ زنا کیا ہے

آریہ دھرم ص ۵۹ متعہ صرف تین دن تک تھا۔ مگر وحی والہام نے اس کے جواز کا دروازہ
نہیں کھولا۔ بلکہ وہ پہلے ہی سے عرب میں عام طور پر رائج تھا۔ اور جب صحابہ کو بے وطنی
کی حالت میں اسکی ضرورت پڑی۔ تو آنحضرت نے دیکھا کہ متعہ ایک نکاح موقت ہے
کوئی حرامکاری اس میں نہیں۔ کوئی ایسی بات نہیں کہ جیسی خاوند والی عورت دوسرے
سے ہمبستر ہو جاوے۔ بلکہ درحقیقت بیوہ یا باکرہ سے ایک نکاح ہے۔ جو ایک وقت تک
مقرر کیا جاتا ہے۔ تو آپنے اس خیال سے کہ نفس متعہ میں کوئی بات خلاف نکاح نہیں
اجتہادی طور پر پہلی رسم کے لحاظ سے اجازت دیدی۔ لیکن ختم نبوت ص ۳ پر ہے

متعہ

توگویا نبی یا ائمہ عوام الناس کی غلط باتوں کے پیچھے چلا کرتے ہیں۔

۷۹۔ حضرت عیسےٰ کے بن باپ ہونے سے انکار | رسالہ اسمہ احمد حاشیہ صـ۲۳ منشی ظہیر الدین نے حکیم نورالدین صاحب خلیفہ اول مرزا صاحب کو لکھا کہ حضرت مرزا صاحب کی زندگی میں آپ نے درس کے بعد مولوی ابو رحمت سے کہا تھا کہ (حضرت) عیسےٰ کا باپ مانتے ہوئے بھی آپ مرزا صاحب کے مرید ہیں۔ براہین حصہ حاشیہ صـ۵ پر منشی ظہیر احمدی نے لکھا ہے کہ مسیح کو باپدر اور مریم کو باشوہر مانتا ہوں۔ ازالہ صـ۱۵۲ حضرت مسیح ابن مریم اپنے باپ یوسف کے ساتھ ۲۲ برس کی مدت تک نجاری کا کام بھی کرتے رہے۔

۸۰۔ حضرت عیسےٰ کے معجزات ایک کھیل اور بے حقیقت | ازالہ صـ۱۵۳ انی اخلق لکم من الطین کھیئۃ الطیر کے متعلق مرزا صاحب نے فرمایا ہے کہ یہ بھی قرین قیاس ہے کہ ایسے ایسے اعجاز طریق عمل الترب یعنی مسمریزمی طریق سے بطور لہو و لعب نہ بطور حقیقت ظہور میں آسکیں صـ۱۶۲ بہر حال یہ معجزہ صرف ایک کھیل کی قسم میں سے تھا

۸۱۔ حضرت عیسےٰ کا معجزہ مرزا صاحب کے نزدیک مکروہ اور قابل نفرت | الضیا صـ۱۵۵ حضرت مسیح ابن مریم باذن و حکم الٰہی الیسع نبی کی طرح اس عمل الترب (مسمریزم) میں کمال رکھتے تھے۔ یہ عمل ایسا قدر کے لائق نہیں۔۔۔۔ اگر یہ عاجز اس عمل کو مکروہ اور قابل نفرت نہ سمجھتا۔ تو ان عجوبہ نمائیوں میں حضرت ابن مریم سے کم نہ رہتا۔ صـ۱۵۴ شفاء امراض کی نسبت کہا ہے کہ سلب امراض کرنا یا اپنی روح کی گرمی جاد میں ڈال دینا درحقیقت یہ سب عمل الترب (مسمریزم) کی شاخیں ہیں۔ صـ۱۶۱ مسیح کے معجزات تو اس تالاب کی وجہ سے بے رونق و بے قدر تھے۔ جو مسیح کی ولادت سے پہلے مظہر عجائبات تھا۔

۸۲۔ حضرت ابراہیم کا احیاء طیور کبوتر بازی تھی | تصانیف مرزا صاحب اتباع لو۔

۸۳۔ خاتم انبیاء کے معراج جسمانی کا انکار | ازالہ صـ۲۷ جناب رسول خدا صلعم کا سیر معراج اس جسم کثیف کے ساتھ نہیں تھا جسم نورانی تو خدا کو کثیف کہنا قادیانی لٹریچر ہی کا خاصہ ہے۔

۴۲۔ توہینِ حضرت عیسےٰ علیہ السلام
از قلم قادیانیاں

وہ توہینی کلمات جو مرزائے قادیاں اور اسکی امت نے خدا کے سچے نبی حضرت مسیح کی نسبت کہے ہیں درج کرتے ہیں۔ ان کے متعلق قادیانی عموماً یہ عذرِ لنگ پیش کیا کرتے ہیں۔ کہ یہ الزامی طور پر لکھے گئے ہیں۔ اول تو یہ سمجھ میں نہیں آتا۔ کہ اپنے مسلّم نبی کو کوئی شخص ان الفاظ سے الزاماً بھی کیوں یاد کرے۔ میں مثال دیکر سمجھاتا ہوں۔ کہ ایک باپ کے دو بیٹے ہوں وہ دونوں آپس میں لڑیں۔ باپ سامنے ہو۔ اب اگر ایک بھائی دوسرے بھائی کو الزاماً یہ کہے کر تیرا باپ تو کنجر۔ کنجریوں کی مردود کمائی سے پلا ہوا کنجری دوست۔ شریر۔ مکار۔ بدمعاش۔ ناپاک خیال بے معرفت بتشرک عظیم کی جڑ۔ بدزبان ۔ گلبر وغیرہ ہے۔ تو فرمائیے باپ اس بدگوئی پر خوش ہوگا۔ اور کیا اس کا چہرہ غصہ سے لال نہ ہو جائے گا۔ کیا وہ ایسے نالائق بیٹے کو مارنے کے لئے نہ دوڑیگا۔ کیا وہ ایسے ولد الحرام بیٹے کو عاق نہ کر دیگا۔ اگر آپ کو شک ہو۔ تو اب آزما کے دیکھ لیں میاں محمود صاحب کے دو بیٹے لڑیں۔ اور ایک دوسرے کو میاں صاحب کے سامنے ان الفاظ سے مرکز کہے بکیں جنگ زرگری ہو۔ جیسے مرزا صاحب نے غصہ کے لہجے میں آتھم سے انتقام لینے کے لئے یہ الفاظ کہے ہیں۔ ویسے ہی یہاں بھی ہو اور پھر میاں صاحب درگذر کریں۔ تو ہم جانیں۔ اجی یہ تو تقاضائے فطرت ہے دوسری مثال اس سے بھی واضح دیتا ہوں۔ لاہوری پیامی اور قادیانی ایک دوسرے کے مخالف ہیں۔ لیکن دونوں مرزا صاحب کو مانتے ہیں۔ میں ہر دو فریق سے کہتا ہوں کہ اگر یہ سچ ہے۔ کہ مرزا صاحب نے یہ گالیاں الزاماً دیں۔ تو آپ اس سنتِ مرزائیہ پر کیوں عمل نہیں کرتے۔ اپنے مرشد کے طریق پر عمل کرو اور ایک دوسرے کو کہو کہ تمہارا مرزا غلام احمد قادیانی شریر مکار وغیرہ ہے لیکن تم نہیں کرو گے۔ کیونکہ تمہارے دل میں مرزا صاحب کی عظمت ہے اگر مرزا صاحب کے دل میں بھی حضرت مسیح کی عظمت ہوتی۔ تو وہ بھی ایسا نہ کہتے۔ اگر مرزا صاحب نے الزاماً ہی یہ گالیاں دی تھیں۔ تو اس کے لئے ہر زبان میں خاص الفاظ ہیں۔ ان کو استعمال کر سکتے تھے۔ زیادہ سے زیادہ یہ کر سکتے تھے۔ کہ میں ایسے عیسےٰ کو نہیں مانتا۔ اور اکثر مقامات تو ایسے ہیں جہاں جواب الزامی کی تاویل چل ہی نہیں سکتے۔ اس کے جواب میں یہ کہنا کہ مرزا صاحب نے مسیح کی تعریف کی ہے۔ بالکل ویسا ہی ہے جیسا کہ کسی کو گالیاں نکالکر پھر اسکی تعریف کرنا۔ کیا الفاظ تعریفی

سے یہ جواب نکالا جا سکتا ہے کہ اس نے گالیاں نہیں نکالیں نہیں ہرگز نہیں۔ ماسوا اسکے یہ ممکن نہیں کہ حرکت عملی سے وہ جوش مسلمانوں کو خوش کرنے کے لئے تعریف کی ہو۔

ازالہ اوہام صفحہ ۱۵۶ بر حضرت مسیح جسمانی بیماریوں کو اس عمل (مسمریزم) سے اچھا کرتے رہے۔ مگر ہدایت اور توحید اور دینی استقامتوں کو کامل طور پر دلوں میں قائم کرنے کے بارے میں ان کی کارروائیوں کا نمبر ایسا کم درجہ کا رہا ہے کہ قریب قریب ناکام کے رہے ہیں۔

سیرۃ مرزا قادیانی صفحہ از عبدالکریم سیالکوٹی۔ ناتوان بے بس یسوع مسیح میں ہم کس خلق کا نمونہ پا سکتے ہیں۔ جسے کسی انسانی خلق کے ظاہر کرنے کا موقعہ نہیں ملا

ضمیمہ انجام آتھم صفحہ ۹ ہم ایسے ناپاک خیال اور متکبر اور راستبازوں کے دشمن کو ایک بھلا مانس آدمی بھی قرار نہیں دے سکتے چہ جائیکہ اس کو نبی مانیں صفحہ ۶ الحکم تو قدرت نے آپ کو زیرکی سے بہت کم حصہ نہیں دیا تھا اور یا استاد کی شرارت تھی کہ اسے محض سادہ لوح رکھا۔ بہرحال آپ علمی اور عملی قویٰ میں بہت کچے تھے۔ اسی وجہ سے آپ ایک مرتبہ شیطان کے پیچھے چلے گئے۔

مرزا جی نے یہ جانتے ہوئے۔ اور توضیح مرام صفحہ ۳ پر یہ لکھنے کے بعد بھی "دوسرے مسیح ابن مریم جن کو عیسےٰ اور یسوع بھی کہتے ہیں" جانکہ نہ صرف آپ کی نبوت سے بلکہ آپکے پہلا آدمی ہونے سے بھی انکار کیا ہے۔

انجام آتھم صفحہ ۱۲ مریم کا بیٹا کوسلیا والدہ راجہ رامچندر جی کے بیٹے سے کچھ زیادہ فوقیت نہیں رکھتا ہے۔

دافع البلاء صفحہ ۳ مسیح کی راستبازی اپنے زمانہ میں دوسرے راستبازوں سے بڑھکر ثابت نہیں ہوئی۔ بلکہ یحییٰ نبی کو اس پر ایک فضیلت ہے۔ کیونکہ وہ شراب نہیں پیتا تھا اور کبھی نہیں سنا گیا کہ کسی فاحشہ عورت نے آکر اپنی کمائی کے مال سے اس کے سر پر عطر ملا تھا یا ہاتھوں اور سر کے بالوں سے اس کے بدن کو چھوا تھا۔ یا کوئی بے تعلق جوان عورت اس کی خدمت کرتی تھی۔ اسی وجہ سے خدا نے قرآن میں یحییٰ کا نام حصور رکھا۔ مگر مسیح کا نام نہیں رکھا کیونکہ ایسے قصے اس نام کے رکھنے سے مانع تھے۔

حقیقۃ الوحی صفحہ ۲۲۳ اور عیسےٰ کی دعاؤں میں بھی کوئی اقتدار نہ تھا۔

حقیقۃ الوحی صفحہ ۳۵ عیسٰی جن کا وجود شرک عظیم کی جڑ قرار دیا گیا ہے خلافت راشدہ
دو شخصوں کی وجہ سے ظلم عظیم اور شرک جسیم پیدا ہوا۔

اخبار بدر ۲۲ جنوری ۱۹۰۸ء ایک حضرت عیسٰی زمین پر آئے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ کئی کروڑ
مشرک دنیا میں ہو گئے۔ دوبارہ آکر وہ کیا کریں گے۔

حقیقۃ الوحی صفحہ ۱۵۲ اس سے حضرت عیسٰی کی معرفت کی حقیقت معلوم ہوتی ہے۔

کشتی نوح صفحہ ۵۶ مجھے قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ
اگر مسیح ابن مریم میرے زمانہ میں ہوتا۔ تو وہ کام جو میں کر سکتا ہوں۔ وہ ہرگز نہ
کر سکتا۔ اور وہ نشان جو مجھ سے ظاہر ہوئے ہیں۔ وہ ہرگز نہ دکھلا سکتا۔

القول الفصل صفحہ ۱۶ ابن مریم کے ذکر کو چھوڑو۔ اس سے بہتر غلام احمد ہے
اس طرح کا تو منی مصرعہ ہے۔ عیسٰی کجا است تا بنہد پا بمنبرم عیسٰی میرے منبر پر قدم
رکھنے کے لائق نہیں

خلافت راشدہ صفحہ ۱۹ خدا تو اس وقت اسی طریق سے راضی ہے کہ ساری
عزتیں محمد رسول اللہ صلعم کو دی جائیں۔ اور ابن مریم سے چھین لی جائیں

اعجاز احمدی صفحہ ۱۳ یہود عیسٰی کے بارہ میں ایسے قوی اعتراض رکھتے ہیں۔
کہ ہم بھی جواب دینے سے حیران ہیں۔ بغیر اس کے کہ یہ کہہ دیں۔ کہ ضرور عیسٰی نبی ہے
کیونکہ قرآن نے اس کو نبی قرار دیا ہے۔ اور کوئی دلیل ان کی نبوت پر قائم نہیں رہ
سکتی۔ بلکہ ابطال نبوت پر کئی دلیلیں قائم ہیں۔

انجام آتھم کرنتا۔ مرزا جی نے حضرت عیسٰی کی نسبت لکھا ہے "شریر۔ مکار۔ موٹی عقل والا
بدزبان غصہ ور۔ گالیاں دینے والا۔ علمی اور عملی قوئے سے کچا۔ چور۔ شیطان کا
ملہم۔ اس کی نانیاں اور دادیاں زنکار۔ اس کو کنجریوں سے میلان تھا۔ آپ کا
خاندان نہایت پاک و مطہر ہے تین دادیاں اور نانیاں آپ کی زناکار اور کسبی
عورتیں تھیں جن کے خون سے آپ کا وجود ظہور پذیر ہوا یسوع شریر۔ چور شیطان
کے پیچھے چلنے والا مکار تھا"

الذکر الحکیم ۲ صفحہ ۵ از نور القرآن صفحہ ۱۳ مرزا صاحب نے حضرت مسیح علیہ السلام
کی نسبت کہا جس کی نانیاں دادیاں حرامکار تھیں۔ اس کے خون میں حرام کا

رہتا۔۔ حرام مادہ جوش مارتا تھا۔ اسی وجہ سے مسیح فاحشہ عورتوں سے ملا کرتے۔ ان کا مساس کیا کرتے تھے۔ نعوذ باللہ ثم نعوذ باللہ من ھذہ العقائد الفاسدۃ

۸۰۔ ہتک خاتم انبیا از قلم مرزا قادیانی | ضمیمہ النبوۃ فی الاسلام از سیرت الامام نمبر ۲۹ مجدد سرہندی نے ایک کشف میں دیکھا تھا کہ آنحضرت کو ان کی طفیل اللہ کا مرتبہ ملا۔ اگر یہ سچ ہے تو غالبؔ اسی عالم میں انہوں نے یہ کہا ہوگا) ؎ بہ در پنجۂ خدا دارم۔ من چہ پروائے مصطفیٰ دارم (میرا پنجہ خدا کے پنجہ میں ہے مصطفیٰ کی کیا پرواہ رکھتا ہوں) اور اس سے بڑھکر شاہ ولی اللہ نے دیکھا تھا گویا آنحضرت نے ان کے ہاتھ پر بیعت کی ہے۔

ازالہ صفحہ ۳۶۵ اس پیشگوئی کی اصل حقیقت آنحضرت صلعم کو بھی معلوم نہ تھی۔

۸۶۔ ریشمی رومال میں تصویر | ازالہ اوہام صفحہ ۱۰۱ فرمایا کہ اے عائشہ تو خواب میں مجھے دو دفعہ دکھائی گئی۔ ایک ریشم کے کپڑے پر دیکھا کہ یہ تیری عورت ہے۔ اور میں نے اسکو کھولا تو کیا دیکھتا ہوں کہ تو ہی ہے۔

ازالہ صفحہ ۲۹۳ لیکن خدا تعالیٰ۔۔۔ ایسی ہتک اور کسرِ شان اپنے نبی مقبول خاتم الانبیا کے لئے ہرگز روا نہ رکھیگا کہ ایک رسول کو بھیجکر جس کے آنے کے ساتھ جبریل کا آنا لازمی امر ہے۔ اسلام کا تختہ ہی اُلٹ دیوے۔ لیکن پھر خود دعوئے نبوت اور رسالت کر کے حضرت کی ہتک کی۔ بلکہ ان کی جماعت نے اُن کی تحریرات کی بنا پر یہ لکھا کہ یہ باطل عقیدہ ہے کہ حضرت جبریل کا نزول بوحی نبوت کرنا تاقیامت منقطع ہے۔ (حقیقۃ النبوۃ ایک سورۃ ۔ یہ صفحہ ختم نبوت صفحہ)

۸۷۔ دوزخ بہشت | ازالہ صفحہ ۱۸۴ اسی طرح روحانی طور پر بہشتی لوگ میدان حساب میں بھی ہوں گے۔

حضرت مریم علیہا السلام صحابہ و اہلبیت کرام علیہم السلام کے متعلق قادیانی کلمات

۸۸۔ توہین مریم صدیقہ کشتی نوح صفحہ ۱۶ مریم کی وہ شان ہے جس نے ایک

مدت تک اپنے تئیں نکاح سے روکا پھر بزرگان قوم کے نہایت اصرار سے بوجہ حمل کے نکاح کر لیا گو لوگ اعتراض کرتے ہیں۔ کہ برخلاف تعلیم توریت عین حمل میں کیوں نکاح کیا گیا۔ اور بتول ہونے کے عہد کو کیوں ناحق توڑا گیا۔ مگر میں کہتا ہوں۔ کہ یہ سب مجبوریاں ہیں۔

معلوم نہیں مرزا صاحب نے حضرت مریم کی صفت بتول کی توہین کے لئے گمراہ فرقوں کی روایات پر تحقیق کا مدار کیوں رکھا۔ اور جس پاک ذات کو خدا صدیقہ فرماتا ہے۔ اسکو حالت عدت میں منکوحہ بنا کر کیوں ان کی عفت پر حملہ کیا ہے۔ یہ مانا کہ مرزا صاحب کو بوجہ رقابت حضرت عیسےٰ علیہ السلام سے عداوت تھی۔ لیکن حضرت مریم نے ان کا کیا بگاڑا تھا۔ کہ ان کی عفت پر ناپاک حملہ کیا۔

۸۹۔ حضرت ابوبکر صاحب کیا ہیں؟ | مجموعہ اشتہارات صفحہ ۴۳ ۔ ابوبکر کیا بعض انبیا سے بھی بہتر ہے۔ افسوس جس کھڑکی سے نکلے۔ اسی میں نیزہ مارا!

یہ تو مسلم ہے۔ کہ حضرت ابوبکر نے حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا کو باغ فدک نہیں دیا جیسا کہ بخاری میں ہے۔ یہاں اس سے بحث نہیں۔ کہ جناب صدیق اپنے دعوے میں سچے تھے یا خلیفہ جی اپنے جواب میں۔ لیکن دیکھئے قادیانی کس ظلم کی زمین کرتے ہیں۔ خلافت راشدہ صفحہ ۱۰۰ اور کہا جاتا ہے۔ کہ ان میں سے کسی (ابوبکر صاحب) نے رسول اللہ صلعم کی پیاری بیٹی کو باغیچہ نہ دیا...... یہ ایسے واقعات ہیں۔ کہ ذلیل سے ذلیل اور غیر مہذب سے غیر مہذب قوموں میں بھی اس سے قابل نفرت واقعات وقوع میں نہیں آتے تو یہ! تو یہ! کسی شیعہ نے بھی جناب ابوبکر صاحب پر ایسا حملہ نہیں کیا۔ لیکن یہ صدیقی کھڑکی سے نکلنے والے ذرا حیا نہیں کرتے۔

۹۰۔ صحابیت سے انکار | تشحیذ مئی ۱۹۱۶ء صفحہ ۲۵ وہ شخص کیونکر صحابی ہو سکتا ہے جس نے بچپن میں حضرت کو دیکھا۔

۹۱۔ منافق صحابہ رسول | تشحیذ جلد ۱۱ صفحہ ۹ جیسی کہ آنحضرت کے زمانہ میں منافقوں کی حالت تھی۔ کہ وجوہات فتوے بھی موجود تھے۔ اور عند اللہ اور فی الواقعہ فتوے نفاق ان پر عاید بھی تھا۔ لیکن باوجود اس کے نائب اللہ رسول اللہ ان کو بعض ظاہری حالت میں مومنین اور صحابۃ الرسول میں شمار فرماتے رہے

اور ان کے ساتھ ایک حد تک مومنوں والا برتاؤ کرنیکا ارشاد تھا۔

۹۱۔ صحابہ لاکھوں مرتد | عسل مصفیٰ ص۲۲۴ میں ذ رسول اللہ عرض کروں گا کہ یہ میرے اصحاب ہیں۔ تو جواب ملیگا کہ یہ لوگ تو اس وقت سے جب سے تو ان سے جدا ہوا مرتد ہو کر اپنی پہلی حالت پر آ گئے تھے۔

خلافت راشدہ ص۴ ممن ینقلب میں اشارہ ہے کہ آنحضرت کے بعد انقلاب ہو جائے گا اور ارتداد اور بغاوت اور فتنہ عظیم واقع ہوگا ...... گو لاکھوں مرتد ہو جائیں مگر اسلام کو ضرر نہ پہنچا سکو گے۔

القول الفصل ص۲۱ جبکہ صحابہ نے آنحضرت کی وفات پر ان لوگوں کو جنہوں نے بیعت ابوبکرؓ کی تھی ساد جن میں سے ایک ایسا بڑا رتبہ رکھتا تھا کہ دوبارہ نقیبوں میں سے ایک تھا مرتد اور منافق کہا ہے۔

۹۲۔ تمام انصار نیک نہ تھے | تشحیذ جلد ۱۰ ص۲۹ انصار تمام کے تمام نیک نہیں تھے۔ بلکہ منافق بھی تھے۔

۹۴۔ بدری صحابیوں میں برے بھی تھے۔ | "اسی طرح ..... دونوں بدری صحابہ ہیں ... اسی طرح اور بھی بدر میں حاضر ہونے والے ہیں۔ جن کو قصور پر سزائیں دی گئیں۔

۹۵۔ حضرت عمر خطاب کی مخالف صحابیوں سے جنگ | "ص۱۲ حضرت عمر نے سعد انصاری (نقیب) کو کہا کہ خدا اس پر لعنت کرے۔ ضرور وہ منافق ہے۔ ص۱۲ حضرت عمر نے اپنے مخالف صحابہ کو اعداء اللہ کافر اور گمراہ کہا۔

۹۶۔ حضرت ابوبکر و عمر کی طرح یزید کو بھی لوگوں نے مانا | القول الفصل ص۴ پر میاں صاحب نے خود کمال الدین صاحب احمدی کا قول نقل کیا ہے کہ یہ جو کہا جاتا ہے کہ اکثروں نے مان لیا۔ یہ کوئی دلیل نہیں۔ کیونکہ اگر ابوبکر عمر کو اکثروں نے مان لیا تو یزید کو بھی تو مان لیا

۹۷۔ معاویہ نے یزید کیلئے جبراً بیعت لی | القول الفصل ص۱۲ لیکن یزید کی خلافت مجبور کر ہوئی ہاں ... [illegible] ... لی یا کروائی ۹۶ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ میاں صاحب ... [illegible]

حد درجہ کا مذموم تھا۔ لیکن تعصب کی وجہ سے پھر یہ کہا ہے : "ہم حضرت معاویہ کی نیت پر حملہ نہیں کرسکتے"۔

۹۸۔ کم تدبر صحابہ | حقیقۃ الوحی ص۳۴ معلوم ہوتا ہے کہ بعض کم تدبر کرنے والے صحابہ کی درایت اچھی نہ تھی۔ جیسے ابوہریرہ۔ وہ اپنی غلطی سے عیسیٰ موعود کے آنے کی پیشگوئی پر نظر ڈال کر یہ خیال کرتے تھے کہ حضرت عیسیٰ ہی آجائیں گے جیسا کہ ابتداء میں ابوہریرہ کو بھی یہی دھوکا لگا تھا۔ اور ساکثر باتوں میں ابوہریرہ بوجہ اپنی سادگی اور کمی درایت کے ایسے دھوکوں میں پڑجایا کرتا تھا۔ اور آیہ ان من اھل الکتاب کے ایسے الٹے معنے کرتا ہے جس سے سننے والوں کو ہنسی آتی تھی ... اور یہ عقیدہ کھلے طور پر قرآن شریف کے مخالف ہے۔ (گویا صحابہ قرآن کے مخالف تھے)

۹۹۔ حضرت علی علیہ السلام سے اظہار عداوت | فہرست مضامین خلافت راشدہ حصہ اول ص۲ ۔ دو شخصوں کی وجہ سے ظلم عظیم اور شرک جسیم پیدا ہوا۔ وہ ہیں حضرت عیسیٰ اور حضرت علیؓ ص۴ (حضرت علی علیہ السلام کے اعطاء انگشتری کی بابت لکھا ہے) "ایک معمولی چھلے کو آسمان پر چڑھاتے ہیں۔ ص۱۹ اب وقت آپہنچا ہے کہ ... ثابت کیا جائے کہ شیعوں کے علی اور آپ کی ذریت کس قدر گرے ہوئے انسان اور مخذول اور ناقابل ذکر لوگ ہیں۔ اور پھاڑ پھاڑ کر دکھایا جائے کہ کوئی علامت بھی نصرت حق اور تائید آسمانی کی آیا مت سے ... علی اور ان کے وجود میں نہیں پائی جاتی۔ یہ سلسلہ اول سے آخر تک ... ناکامیوں۔ نامرادیوں یاسوں حسرتوں اور ارمانوں کا سلسلہ نظر آتا ہے۔ ص۲۰ جناب علی ڈرپوک کمزور۔ تقیہ باز ... نفاق سے بسر کرنے والے ... خلافت کی حسرت میں کڑھتے رہے ... اسی اخلاقی کمزوری کا اثر ان کی اولاد پر بھی پڑا۔ ص۲۸ اس قسم کی جلالی آنکھیں ... کیونکر منطبق ہوسکتیں حضرت علی اور ان کی آخر تک ناکام رہنے والی اولاد پر جن کے وقتوں میں مسلمانوں کے تفرق کلمہ اور انتشار اور ضعف اور باہمی خانہ جنگیوں کے سوا کچھ نہیں ... یہ خدا کی باریک مصلحت تھی کہ دونوں (حضرت علی اور حضرت حسینؓ) کی زندگی پر اس نے ناکامی کے داغ لگائے اور جھلکتی ہوئی نصرتوں اور فتوحات سے انہیں حصہ نہیں دیا ... دوسرا داغ خدا کی حکمت نے یہ لگایا کہ

...ی کی ضمانت سے خلافت منتقل ہونے کے شرف سے محروم رہا اور خانہ جنگی اور
شکست کے سوا اس سے کچھ حاصل نہیں ہوا۔
...فرق اور
ص۱۰۱۔ یہ کیا راز ہے کہ ائمہ اور اوصیاء یکے بعد دیگرے علی الاتصال ناکام
...ناکام رہے۔ اور مخذولان الٰہی کے پورے نشان ہمیشہ ان کے ساتھ جمع رہے
حاشیہ ص۱۰۳ اس سے بڑھکر اور رذیل خوارج حضرت علی کی نسبت ذکر کرتے ہیں
ص۱۰۲ اسداللہ تھا پر ایک چڑیا خانہ کی لومڑی سا بھی دل گردہ نہ دکھایا
ص۱۰۳ مسیلمہ کذاب نے ایک سال کے عرصہ میں ایک لاکھ پیرو اکٹھے کر لئے
...مجموع جن وانس سے ایک تنکا بھی نہ ٹوٹ سکا۔ بنی ہاشم کی ایسی محترمہ عورت
حضرت فاطمہ علیہا السلام اس تحقیر و اہانت سے دشمنوں کے ہاتھوں ماری جائے
اور اس نامک کشی پر ایک خون کی رپورٹ بھی نہ ملے۔۔۔ ایسی عار پر صبر ایک غیور مومن
...ایک دیوث کا فر بھی نہیں کر سکتا۔۔۔ ان کا فرضی علی ایک ذلیل سے ذلیل آدمی
کا ہم پلہ بھی نہ سمجھا جائے گا۔

